علامہ اقبال اوپن یونی ورسٹی، اسلام آباد

کلیہ عربی وعلوم اسلامیہ

(شعبہ سیرت سٹڈیز)

وارننگ

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری Plagiarism "پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

ہدایت نامہ برائے طلبہ

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔

1 - تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2 - سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجئے۔

3 - ہاتھ سے تحریر شدہ سکین (Scanned) امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

4- ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (Word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اَپ لوڈ کریں۔

5- مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اَپ لوڈ نہ ہو سکیں گی جس کی تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔

6- آپ کے تجرباتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7- غیر متعلقہ بحث / معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجئے۔

والسلام

کورس رابطہ کار

ڈاکٹر حافظ سعید الرحمن

کورس: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی سیاسی زندگی (3925)　　سمسٹر: خزاں، 2026

سطح: بی ایس علومِ اسلامیہ

امتحانی مشق نمبر 1

(یونٹ نمبر 1-5)

کل نمبر: 100　　کامیابی کے نمبر: 50

سوال نمبر 1۔ ریاست کا مفہوم بیان کریں اور اس کے بنیادی اجزائے ترکیبی کی وضاحت کریں۔ نیز قرآن کریم کی روشنی میں بتائیں کہ اسلامی ریاست کے اختیارات کا ماخذ کیا ہے؟ (20)

سوال نمبر 2۔ مکی دور میں مسلمانوں کے تحفظ کے لیے اختیار کیے گئے "نظامِ جوار" کا مفہوم بیان کریں۔ اس کے ذریعے مسلمانوں کو حاصل ہونے والے تحفظ کی نوعیت واضح کریں اور بتائیں کہ یہ نبوی سیاست کی ایک حکیمانہ حکمت عملی کیوں تھی؟ (20)

سوال نمبر 3۔ ہجرتِ مدینہ اور عقدِ مواخات کو ریاستِ مدینہ کے قیام کے دو اہم مراحل کے طور پر بیان کریں۔ واضح کریں کہ مواخات نے مہاجرین اور انصار کے درمیان داخلی اتحاد کو کس طرح مضبوط کیا؟ (20)

سوال نمبر 4۔ میثاقِ مدینہ کو ریاستِ مدینہ کا دستور کیوں کہا جاتا ہے؟ اس کی دستوری حیثیت بیان کرتے ہوئے اجتماعی تکافل اور مذہبی آزادی سے متعلق اس کی دو اہم دفعات کی وضاحت کریں۔ (20)

سوال نمبر 5۔ عہدِ نبوی کی مرکزی انتظامیہ میں امیر، مشیران، نائبین، سفیرانِ نبوی اور کاتبین کے کردار کا تعارف کرائیں۔ نیز بتائیں کہ ان عہدوں نے ریاستِ مدینہ کے داخلی نظم و نسق کو کس طرح مستحکم کیا؟ (20)

امتحانی مشق نمبر 2

(یونٹ نمبر 6-9)

کل نمبر: 100　　کامیابی کے نمبر: 50

سوال نمبر 1۔ صلحِ حدیبیہ کے اہم نکات بیان کریں۔ نیز اس معاہدے کے سیاسی و سفارتی نتائج کی وضاحت کریں اور بتائیں کہ اس نے اسلام کی ترقی و ترویج میں کیا کردار ادا کیا؟ (20)

سوال نمبر 2۔ رسول اکرم ﷺ نے دشمن پر معاشی دباؤ ڈالنے کے لیے کون سی حکمتِ عملی اختیار کی؟ اس کی چند عملی مثالیں دے کر وضاحت کریں کہ یہ حکمتِ عملی ریاست کے دفاع میں کس طرح مؤثر ثابت ہوئی؟ (20)

سوال نمبر 3۔ جنگ کے دوران اسلامی تعلیمات کے مطابق کن جنگی اخلاقیات کی پابندی لازم قرار دی گئی؟ تکریمِ انسانیت کے اصول کی روشنی میں ان میں سے تین اہم ہدایات بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر 4۔ احیاء الموات کے اصول کی وضاحت کریں۔ بنجر زمین کو آباد کرنے کی اجازت دینے کے معاشی اور معاشرتی مقاصد بیان کریں اور بتائیں کہ اس اصول سے ریاستِ مدینہ کی زرعی پالیسی کو کیا فائدہ پہنچا؟ (20)

سوال نمبر 5۔ عہدِ نبوی کی سیاست کاری میں تالیفِ قلبی کی پالیسی کو کیوں اہمیت حاصل تھی؟ مثالوں کے ساتھ وضاحت کریں کہ یہ داخلی اور خارجی استحکام میں کس طرح معاون ثابت ہوئی؟ (20)